Maulana Azad National Urdu University

M.A : Islamic Studies, II Semester Examination - May - 2019

Paper - MAIS204CCT : Kalam and Muslim Philosophy

پرچہ: علم کلام اور مسلم فلسفہ

Time : 3 hrs **Marks : 70**

ہدایات:

یہ پرچہ سُوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. **حصہ اول** میں **10** لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. **حصہ دوم** میں آٹھ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو **(200)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **6** نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. **حصہ سوم** میں پانچ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو **(500)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **10** نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال : 1

(i) حسن بصریؒ کی مجلس سے کس فرقہ کے بانی کو نکال دیا گیا تھا؟

(a) خوارج (b) اشاعرہ (c) معتزلہ (d) ماتریدیہ

(ii) ان میں سے کس حکومت کے خلفاء نے ماتریدی مذہب اختیار کر لیا تھا؟

(a) خلافت راشدہ (b) خلافت امیہ (c) خلافت عباسیہ (d) خلافت عثمانیہ

(iii) ’’علم الکلام‘‘ کتاب کے مصنف کا نام بتائیے۔

(a) سرسید احمد (b) شبلی نعمانی (c) علامہ اقبال (d) مولانا ابوالاعلیٰ مودودی

(iv) کون سا کلامی فرقہ صفات باری تعالیٰ کا منکر ہے؟

(a) معتزلہ (b) اشاعرہ (c) ماتردید (d) حنابلہ

(v) ماتریدیہ فرقہ کے نزدیک گناہ کبیرہ کے مرتکب کی کیا حیثیت ہے؟

(a) مومن (b) کافر (c) مشرک (d) درمیانی درجہ میں

(vi) حضرت علیؓ کو کس خارجی نے شہید کیا تھا؟

(a) نافع بن ارزق (b) عبداللہ بن اباض (c) عبدالرحمٰن بن ملجم (d) میمون

(vii) اخوان الصفا کے رسائل کی کل تعداد کتنی ہے؟

(a) 50 (b) 51 (c) 52 (d) 53

(viii) ''الطب الروحانی'' کتاب کے مصنف کا نام بتائیے۔

(a) ابوبکر رازی (b) ابونصر فارابی (c) یعقوب الکندی (d) ابن رشد

(ix) ابویعقوب الکندی کا لقب کیا تھا؟

(a) فیلسوف یونان (b) فیلسوف عرب (c) فیلسوف اسلام (d) فیلسوف مسلم

(x) ابن سینا کی کتاب ''کتاب الشفاء'' کس فن سے متعلق ہے؟

(a) قانون (b) طب (c) ریاضی (d) فلسفہ ومنطق

حصہ دوم

2. خارجی فرقہ کیسے وجود میں آیا؟ اور اس کے بنیادی عقائد اور افکار بیان کیجیے۔

3. ماتریدی مکتب فکر کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ بیان کیجیے۔

4. علم کلام کے مفہوم کی وضاحت کیجیے اور اس کے ارتقائی مراحل کے ابتدائی دو دور کی تفصیلات بیان کیجیے۔

5. امام فخر الدین رازی کی علمی و اصلاحی خدمات کا جائزہ لیجیے۔

6. علم کلام کے موضوع پر تقی الدین ابن تیمیہ کی خدمات پر روشنی ڈالیے۔

7. اخوان الصفا اور ان کے رسائل کا مختصر تعارف کرائیے۔

8. معتزلہ فرقہ کے پانچ بنیادی عقائد کی وضاحت کیجیے۔

9. ابونصر الفارابی کی حیات اور فلسفہ ومنطق میں ان کی خدمات بیان کیجیے۔

حصہ سوم

10. امام ابوالحسن الاشعری اور اشعری مکتب فکر پر ایک مضمون قلم بند کیجیے۔

11. مسلم فلسفہ کے مفہوم کی وضاحت کیجیے اور اس کے ارتقائی مراحل پر روشنی ڈالیے۔

12. ابوحامد الغزالی کی حیات اور خدمات پر ایک تفصیلی مضمون تحریر کیجیے۔

13. جدید علم کلام کے حوالے سے کسی دو ہندوستانی مفکرین کی خدمات کا جائزہ لیجیے۔

14. ابن سینا کی حیات اور ان کے علمی وفلسفیانہ خدمات بیان کیجیے۔

☆☆☆